ٹیلیفون نمبر ۳۳

رجسٹرڈ ایل نمبر ۸۳۵

اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ عَسٰى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

الفضل

روزنامہ

قادیان

یوم جمعہ

جلد ۳۳ | ۲۵ ماہ ہجرت ۱۳۲۴ھش | ۱۲ جمادی الثانی ۱۳۶۴ھ | ۲۵ مئی ۱۹۴۵ء | نمبر ۱۲۲

مدینۃ المسیح

قادیان ۲۱ ماہ ہجرت۔ سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق اطلاع صفحہ ۲ پر ملاحظہ فرمائیں۔

حضرت ام المومنین مدظلہا العالی کی طبیعت بخار سر درد کی وجہ سے زیادہ ناساز ہے۔ قے اسہال اور پیٹ میں درد کی بھی شکایت ہے۔ احباب حضرت ممدوحہ کی صحت کے لئے خاص طور پر دعا فرمائیں۔

آج ۱/۲ ۱ بجے کی گاڑی سے حضرت ام وسیم احمد صاحبہ حرم ثانی سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ مع صاحبزادہ مرزا وسیم احمد سلمہ اللہ تعالےٰ لاہور سے تشریف لائیں۔

نظارت دعوۃ و تبلیغ کیطرف سے گیانی واحد حسین صاحب اور مہاشہ محمد عمر صاحب کو آریہ سماج کے جلسہ میں شرکت کے لئے ملتان بھیجا گیا ہے۔

جناب قاضی محمد عبد اللہ صاحب ناظر ضیافت کے چھ ہفتہ کی رخصت پر جانے پر خانصاحب منشی

روزنامہ الفضل قادیان — ۱۲ جمادی الثانی ۱۳۶۴ھ

ملفوظات حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز

فرمودہ ۵ ماہ ہجرت ۱۳۲۴ھش مطابق ۵ مئی ۱۹۴۵ء بعد نماز مغرب

مرتبہ:- مولوی عبد العزیز صاحب مولوی فاضل

عملی منافقوں کی وجہ سے اعتراض

ایک دوست نے عرض کیا کہ حضور لوگ اعتراض کرتے ہیں۔ کہ جماعت احمدیہ نے اسلام کا صحیح نمونہ نہیں دکھایا۔ اور کہتے ہیں کہ احمدی داڑھیاں نہیں رکھتے۔ نمازیں نہیں پڑھتے۔

حضور نے فرمایا۔ کہ کیا واقعہ میں آپ کے نزدیک ایسا ہی ہے۔ اگر نہیں تو پھر آپ ان سے کہدیں کہ یہ بات غلط ہے کیا رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں منافقین نہ تھے۔ اور کیا وہ غلطیاں نہیں کیا کرتے تھے۔ وہ آپ کی مجالس میں ہی بیٹھتے تھے۔ اور شرارتیں بھی کرتے تھے۔ اگر ان کے نمونہ پر اعتراض نہیں ہو سکتا تو پھر ہم میں سے بعض منافقوں کے نمونہ پر کیا اعتراض ہو سکتا ہے۔ قرآن شریف میں اللہ تعالےٰ بار بار فرماتا ہے۔ کہ منافق ایسا کرتے ہیں۔ ایسا کرتے ہیں۔ اگر ان کے اندر منافق نہ تھے۔ تو اللہ تعالےٰ نے ان کا ذکر فرمایا۔ پھر منافق بھی دو قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک عقائد کے لحاظ سے۔ دوسرے اعمال کے لحاظ سے۔ اگر ہمارے اندر بھی منافق ہوں۔ تو یہ قابل اعتراض بات نہیں۔ ہاں دیکھا یہ جاتا ہے کہ بحیثیت مجموعی کون بہتر ہے۔ آپ پچاس یا سو احمدی جمع کرلیں۔ اور اتنے ہی غیر احمدی ہوں۔ پھر دیکھیں کہ کس جماعت کی زیادہ داڑھیاں ہیں۔ مثلاً جتنے آدمی اب اس مسجد میں جمع ہیں۔ اتنے ہی آدمی لاہور یا امرتسر کے کسی مجمع میں ہوں۔ تو آپ دیکھیں گے۔ کہ اگر یہاں ایک دو کی داڑھیاں نہیں ہیں۔ تو وہاں ایک دو کی ہونگی۔ جو شخص داڑھی منڈاتا ہے۔ وہ عمل منافق ہوتا ہے۔ اور منافقین تو نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں بھی موجود تھے۔ پھر ہم نے نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کوئی نیا مذہب تو نہیں نکالا۔ کہ اس میں ایسے لوگ نہ ہوں۔

داڑھی کا ایمان سے تعلق

خان عبد الاحد خان صاحب نے عرض کیا کہ حضور اٰمنت باللہ وملٰئکتہ و کتبہ و رسلہ پر ایمان لانا ضروری ہے۔ داڑھی ایمان میں تو شامل نہیں۔

حضور نے فرمایا کہ جو احکام نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دیئے۔ وہ سب کتبہ و رسلہ میں شامل ہیں۔ اگر کتبہ میں ان کا ذکر نہ ہو۔ تو وہ رسلہ کے ماتحت آجاتے ہیں۔ اللہ تعالےٰ نے اسی لئے کتبہ کے ساتھ رسلہ ملا دیا۔ اگر انہی احکام کی تعمیل ضروری ہوتی جو کتاب میں ہیں۔ تو رسلہ کو ساتھ ملانے کی ضرورت نہ تھی۔ کتبہ کے ساتھ رسلہ ملانے کی حکمت یہ تھی۔ کہ جو احکام بظاہر تم کو کتاب میں نظر نہ آئیں۔ اور رسول ان کا حکم دے۔ تو تم نافرمانی نہ کرنا اور ان کو رسلہ کے ماتحت مانتے چلے جانا۔ ورنہ کتبہ کے ساتھ رسلہ کا ملانا خلاف عقل معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ یہ ہو نہیں سکتا۔ کہ ایک انسان یہ تو مانے کہ قرآن مجید اللہ تعالےٰ کا کلام ہے۔ جو نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوا۔ لیکن یہ نہ مانے کہ آپ اللہ تعالےٰ کے رسول ہیں۔ اسی طرح یہ بات بھی خلاف عقل معلوم ہوتی ہے۔ کہ ایک انسان انجیل کو مانے۔ لیکن حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو نہ مانے۔ یا ایک انسان تورات کو مانے اور حضرت موسےٰ علیہ السلام کا انکار کرے پس کتبہ کے ساتھ رسلہ ملانے میں یہ حکمت تھی۔ کہ جو احکام کتبہ میں نظر نہ آئیں۔ وہ رسلہ کے ماتحت ہوں گے۔ اور رسلہ کو ساتھ ملا کر اس سارے مفہوم کو ادا کر دیا۔

ایک دفعہ ایک نوجوان میرے ساتھ مذہب کے متعلق گفتگو کر رہا تھا۔ جب سب طرف سے عاجز آگیا۔ تو کہنے لگا۔ کہ میری سمجھ میں نہیں آتا۔ کہ داڑھی کا ایمان کے ساتھ کیا تعلق ہے۔ میں نے کہا ایک بات میری سمجھ میں بھی نہیں آتی۔ وہ یہ کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان کے ساتھ ایمان کا تعلق کیوں نہیں۔ اور یہ بھی میری سمجھ میں نہیں آتا۔ کہ ایک شخص نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مانتا بھی ہے۔ اور پھر آپ کی بیان کردہ باتوں کے متعلق یہ کہتا ہے۔ کہ یہ قابل قدر نہیں ہیں۔ اس زمانہ میں داڑھی کا رکھنا ایک آزمائش ہے۔ اور یہ کام بھی اس زمانہ میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے آکر کیا ہے۔ نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حکم داڑھی رکھنے کے متعلق دراصل اسی زمانہ کے لئے معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ عرب تو پہلے ہی داڑھیاں رکھتے تھے۔ کچھ لوگ جو ایران وغیرہ کی طرف سے آتے تھے۔ وہ داڑھیاں منڈواتے تھے۔ تو آپ نے اس خیال سے کہ یہ بھی ان کے نقش قدم پر نہ چل پڑیں۔ داڑھی رکھنے کا حکم دیا۔ ورنہ اصل میں یہ حکم اسی زمانہ کے متعلق ہے۔ آج ایک داڑھی منڈوانے والے سے داڑھی رکھوانا سخت مشکل ہے لیکن اس زمانہ میں نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پہلے ہی عرب داڑھیاں رکھتے تھے۔ اور داڑھی منڈوانے کو برا خیال کرتے تھے۔ اور اس وقت داڑھی منڈوانا زمانہ کی رَو کے خلاف تھا۔ لیکن آج داڑھی رکھنا زمانہ کی رَو کے خلاف ہے۔ آج کل اسی لئے داڑھی رکھنا لوگوں کو مشکل معلوم ہوتا ہے۔

بھائی عبد الرحمٰن صاحب قادیانی پرنٹر و پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس قادیان میں چھاپا اور دفتر الفضل قادیان سے شائع ہوا

ایڈیٹر:- غلام نبی

حضرت امیر المومنین المصلح الموعود ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کیلئے

خاص دعاؤں کی ضرورت

از صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ

قادیان ۲۴ مئی (بوقت ۹½ بجے شب) اللہ تعالیٰ کا بہت بہت احسان ہے کہ حضور کی طبیعت اب پہلے سے بہت بہتر ہے۔ آج صبح پاؤں میں درد کچھ زیادہ محسوس ہوا مگر ذرا ٹہلنے سے وہ کیفیت جاتی رہی۔ حضور اب کمرے میں تھوڑا ٹہل سکتے ہیں۔ درجہ حرارت نارمل سے دو پوائنٹ اوپر تھا مگر عام حالت خداتعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ بقیہ بیماری کو بھی دور فرما کر حضور کو کامل شفا عطا فرمائے آمین اللّٰھم آمین۔ خاکسار ڈاکٹر مرزا منور احمد

صمد کے لفظ سے تثلیث کا رد

ایک دوست نے عرض کیا۔ کہ حضور سورہ اخلاص میں صمد کا تعلق قل ھو اللہ احد سے کیا ہو اصمد کے لفظ سے تثلیث کا رد کیسے ہو سکتا ہے۔

حضور نے فرمایا۔ کہ صمد کے معنے جو عام طور پر غنی کے کئے جاتے ہیں صحیح نہیں ہیں انہی معنوں سے سب غلط فہمی پیدا ہوتی ہے۔ غنی کے تو یہ معنی ہیں کہ اس کے پاس ہر چیز کی فراوانی ہو۔ لیکن صمد کے معنی اس وجود کے ہیں جسکی مدد کے بغیر کوئی کام نہ ہوسکے اور جو اپنے کاموں میں کسی کا محتاج نہ ہو۔ فرماتا ہے۔ قل ھو اللہ احد کہ اللہ ایک ہے۔ لیکن جب انسان دیکھتا ہے۔ کہ باوجود اللہ تعالیٰ کے ایک ہونے کے اور چیزیں بھی دنیا میں نظر آتی ہیں۔ تو اللہ کو احد کہتے ہی فوری طور پر اس کے دل میں یہ سوال پیدا ہوگا۔ کہ جب احد نے کسی اور کو قل کہکر مخاطب کیا ہے۔ تو اللہ احد نہ رہا اس کا جواب اللہ تعالیٰ نے یہ دیا ہے کہ احد کا یہ مفہوم نہیں کہ اس کا بنایا ہوا بھی کوئی نہیں۔ بلکہ مطلب یہ ہے۔ کہ خدائی کے لحاظ سے کوئی اس کی خدائی میں شریک نہیں اسکو اپنے کاموں میں کسی کی خاص ضرورت نہیں۔ اور کوئی نہیں جو بغیر اس کی مدد کے کام کر سکے۔ پس جو کچھ اس کے سوا نظر آتا ہے۔ سب اس کی مخلوق ہے۔ اور بلحاظ مخلوق ہونے کے احد نہیں

تفسیر کبیر کے متعلق اعلان

کیا آپ نے اپنے لئے تفسیر کبیر کا نسخہ ریزرو کرالیا ہے۔ اگر نہیں تو بہت جلدی کیجئے۔

انچارج بکڈپو تحریک جدید

پرائیویٹ سیکرٹری صاحب کا اعلان

احباب کی اطلاع کے لئے اعلان کیا جاتا ہے کہ جو دوست خاکسار کے ساتھ دفتری امور کے سلسلہ میں گفتگو فرمانا چاہیں۔ وہ دفتر پرائیویٹ سیکرٹری میں تشریف لاکر ۳ بجے بعد دوپہر سے چار بجے بعد دوپہر تک ملاقات فرما سکتے ہیں۔

ذاتی امور کے لئے دفتر کے اوقات میں سے کوئی وقت دینے سے معذور ہونگا۔

عبدالرحیم درد پرائیویٹ سیکرٹری

خداتعالیٰ کے محبوب بندہ کی زبان خداتعالیٰ کی زبان ہو جاتی ہے

حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ سے خداتعالیٰ کے اس سلوک کی ایک اور مثال

مکرم بشیر احمد صاحب بشیر آباد سندھ سے لکھتے ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بحضور حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

نہایت ادب سے گذارش ہے۔ کہ حضور کا خطبہ جمعہ فرمودہ ۵ مئی ۴۴ء جو اخبار الفضل مورخہ ۱۱ مئی ۴۴ء میں شائع ہوا ہے۔ جس میں حضور نے فرمایا ہے۔ کہ جنگ عین اسی سال اسی تاریخ اور اس مہینہ میں ختم ہوئی ہے۔ جس کا قبل از وقت حضور نے اعلان فرما دیا تھا۔ جس میں حضور نے مزید فرمایا ہے کہ میرا یہ استدلال کسی الہام کی بناء پر نہ تھا بلکہ صوفیا کے اس قول کی عظیم الشان مثال ہے کہ بعض بندوں کی زبان اور ہاتھ اللہ تعالیٰ کے ہو جاتے ہیں۔

اسی جنگ کے سلسلہ میں حضور کا یہ غلام نابکار بھی ایک واقعہ کا شاہد ہے کہ جس میں حضور کی زبانِ مبارک اللہ تعالیٰ کی زبان مبارک ثابت ہوئی وھو ھذا

جون ۱۹۴۲ء میں یہ خاکسار دفتر اراضیات سندھ قادیان میں کام کیا کرتا تھا۔ اور کپاس کی خرید و فروخت کے سلسلہ میں کراچی اور بمبئی سے آمدہ تاریں حضور کی خدمت میں فون (Phone) پر پیش کیا کرتا تھا۔

جون ۱۹۴۲ء میں اتحادی فوجوں کو طبروق (افریقہ) کے مقام پر شکست ہوئی اور فیلڈ مارشل رومیل اتحادی افواج کو دھکیلتا ہوا العالمین (افریقہ) کے مقام تک لے آیا۔ جرمنی کی اس فوجی کامیابی کے نتیجہ میں خطرہ تھا کہ محوری طاقتیں سکندریہ پر قبضہ کرلیں اور مصری کپاس کا بیرونی ممالک کو بھجوانا بند ہو جائے۔ چونکہ ہندوستان میں لانگ سٹیپل کپاس اتنی پیدا نہیں ہوتی جو ہندوستان کے کپڑے کے کارخانوں کے لئے کافی ہو۔ اور خطرہ تھا کہ مصری کپاس کا ہندوستان میں آنا بند ہو جائے۔ اس لئے کراچی منڈی میں ۴ ایف کپاس کی قیمت ایک دم بڑھ گئی تھی۔

چنانچہ میں نے حضور کی خدمت میں فون پر کراچی سے آمدہ تار پیش کیا اور عرض کیا کہ حضور اگر مارشل رومیل العالمین سے آگے بڑھ آیا تو ۴ ایف کپاس کی قیمت اور بڑھ جائیگی۔ میں نے جب یہ فقرہ عرض کیا تو حضور نے نہایت اعتماد بھرے لہجہ میں فرمایا کہ انشاءاللہ تعالیٰ رومیل العالمین سے آگے نہیں بڑھیگا۔

چنانچہ دنیا شاہد ہے۔ کہ مارشل رومیل العالمین سے آگے نہیں بڑھ سکا۔ بلکہ اتحادیوں نے نومبر ۱۹۴۲ء کے آخری ہفتہ میں محوری افواج پر سخت حملہ کر کے نصف مئی ۱۹۴۳ء تک دشمن کی تمام افواج کو افریقہ سے مار بھگایا تھا۔

حضور کا یہ فقرہ میں نے اسی وقت دفتر سندھ کے دوستوں کو سنا دیا تھا۔ یہ بھی ایک ثبوت ہے اس بات کا کہ حضور کی زبان خداتعالیٰ کی زبان ہے۔ خاکسار بشیر احمد

گریجوایٹ کارکنوں کی ضرورت

زراعت کے گریجوائٹوں کو معقول تنخواہ دی جائیگی

سندھ کی زمینوں کیلئے گریجوایٹ کارکنوں کی ضرورت ہے۔ زراعت کے گریجوائٹوں کو زیادہ تنخواہ دی جائیگی۔ اسی طرح جنہوں نے کم سے کم تین چار سال کسی گورنمنٹ زمینداره فارم کا انچارج کی صورت میں کام کیا ہو۔ انہیں حسب لیاقت اور بھی مزید تنخواہ دی جائیگی۔ تنخواہ ہر صورت میں معقول ہوگی اور عام مارکیٹ ریٹ سے کم نہیں ہوگی۔ اگر کوئی پرانا تجربہ کار آدمی ہو خواہ اعلیٰ گریڈ سرکاری کا ہوا سے بھی حسب لیاقت دیجا سکتی ہے بہرحال درخواست دہندہ والاصرف اس وجہ سے نہ ہچکچائے کہ اسے شاید تنخواہ اس کے درجہ کے مطابق نہ ملیگی چونکہ ضرورت فوری ہے۔ درخواستیں فوراً آنی چاہئیں۔ (انچارج تحریک جدید)

حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے رقم فرمودہ بعض خطوط کے جواب

خاکروب نومسلموں کے ساتھ کھانا پینا

خط

مرشدنا و مولانا!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

جن جن خاکروب عورتوں نے آپ کی بیعت کرلی ہے۔ اور احمدی ہوگئی ہیں۔ کیا ان کے ہاتھ صابن سے دھلا کر اچھی طرح صاف کرا کے ہم لوگ اپنے برتن انکے ہاتھ میں دے سکتے ہیں یا نہیں۔ یا ان کو اپنے برتنوں میں کھانا کھلا سکتے ہیں یا نہیں۔ کیونکہ جب ہم نے پاک کلام قرآن مجید ان کے ہاتھ میں دے دیا۔ تو صفائی کی حالت میں ہمارے برتنوں کا ان کے ہاتھوں میں آنا کیا قابل اعتراض ہو سکتا ہے۔ دوسرے اگر کسی خاکروب نومسلمہ کی بہو یا بیٹی مسلمان نہ ہو۔ وہ عیسائی یا سکھ ہو اور اس کے ساتھ گھر میں رہتی ہو اور وہ اس کے ہاتھ کا پکا ہوا کھانا کھاتی ہو۔ غرضکہ اس سے ملکر رہتی ہو۔ تو کیا اس عورت نومسلمہ سے ایسا ہی پرہیز کرنا چاہیئے جیسا کہ ایک خاکروبہ عیسائی یا سکھ سے۔ اس لئے کہ اس کی بہو بیٹی جو اس کے ساتھ رہتی ہے وہ احمدی نہیں۔ یا اس نومسلمہ کے ساتھ ہمارا وہی احمدی عورت کے سلوک جیسا سلوک ہونا چاہیئے۔ براہ کرم ان دونوں باتوں کا جواب تحریراً عنایت فرمایا جائے کیونکہ ہمارے گھر میں اس معاملہ پر بڑی بحث ہو رہی ہے۔ ایک فریق یہ کہتا ہے۔ کہ وہ احمدی ہے۔ اس لئے اس سے کوئی پرہیز نہیں۔ دوسرا فریق کہتا ہے چونکہ اس کی بہو عیسائی ہے۔ اور وہ اس کے ہاتھ کا کھاتی پیتی ہے۔ اس لئے اس سے پرہیز کرنی چاہیئے۔ اور اس کو اجازت نہ ہو۔ کہ وہ ہمارے برتنوں کو ہاتھ لگائے۔ والسلام

ام فاروق عمر

جواب

اس خط کے جواب میں حضور نے تحریر فرمایا:-

نومسلموں کے ساتھ جب وہ صاف ہوں کھانا اپنے برتن میں کھلانا ان کا کھانا کھانا درست ہے۔ عیسائی کا نہیں۔ کیونکہ ان کے ہاں حرام حلال کی تمیز نہیں۔ گو اہل کتاب نام کے ہیں۔ مگر عملاً اسی طرح چوڑھے کے چوڑھے ہیں۔

بہشتی مقبرہ میں دفن ہونیوالوں کے لئے دعا

خط

بحضور حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح المسیح الموعود ایدہ اللہ بنصرہ العزیز

سیدی و مطاعی۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عاجز نے گزشتہ ایام میں ایک سوال کے متعلق حضور سے استفسار چاہا تھا۔ جس کو اب دوبارہ مفصل عرض کرتا ہوں۔

جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے رسالہ الوصیت میں تحریر فرمایا ہے۔ کہ یہ زمین کسی کو بہشتی نہیں بناتی۔ بلکہ بہشتی ہی اس میں دفن ہوگا۔ بموجب فرمان حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام ہر وہ شخص جو اس مقبرہ میں دفن ہوتا ہے مغفرت یافتہ ہے۔ بنا بریں حضور سے درخواست ہے۔ کہ ارشاد فرمائیں۔ کہ ہمیں ان لوگوں کے لئے جو اس مقبرہ میں مدفون ہیں دعائے مغفرت کرنی چاہیئے یا صرف بلندی درجات کی دعا۔

حضور کا ادنےٰ خادم
سعادت احمد ابن ملک مولا بخش صاحب از تھلہ

جواب

حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تحریر فرمایا:

دونوں کیونکہ بلندی درجات بھی بعض گناہوں کی وجہ سے رکی ہوئی ہوتی ہے۔ سوائے ان لوگوں کے جو مقام رفیع پر ہوں۔ کہ ان کے لئے صرف بلندی درجات کی دعا چاہیئے۔

دل پر "مرزا محمود احمد" لکھا ہوا

خط

میرے پیارے آقا! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

گزشتہ رات ایک خواب دیکھا۔ کیا دیکھتا ہوں۔ کہ میرے اور بعض اور ساتھیوں کے درمیان بحث چھڑی ہے۔ کہ جماعت کے لوگوں کو حضرت مصلح موعود سے حقیقی اخلاص ہے۔ اس کے بعد دیکھا۔ کہ ہماری جماعت کا ایک بہت بڑا جلسہ ہو رہا ہے۔ اور لوگ قطار در قطار بیٹھے ہیں۔ بندہ بھی وہیں ہے اور حضور بھی ایک طرف ایک ڈاکٹر کے ہمراہ کھڑے ہیں۔ اور کوئی اور صاحب تقریر فرما رہے ہیں۔ لوگوں کے درمیان مشہور ہے۔ کہ ابھی ایک لاری آئیگی۔ اور اس میں سے ایک نوجوان کو ذبح کیا جائیگا اور اس کے دل پر لکھا ہوگا "مرزا محمود احمد" چنانچہ ایک لاری آئی۔ اس میں بہت صحت مند نوجوان ہیں۔ اتنے میں حضور کے ہمراہ جو ڈاکٹر ہیں۔ وہ لاری کے دوسری طرف گئے۔ اور انہوں نے ایک نوجوان کو لٹا کر ذبح کر ڈالا۔ اس وقت میرے دل میں خیال پیدا ہوتا ہے۔ کہ حضور منع کیوں نہیں فرما دیتے۔ کہ ذبح نہ کیا جائے۔ کیونکہ جس شخص کو ذبح کیا جا رہا ہے۔ وہ بہت تڑپتا ہے۔ آخر ڈاکٹر صاحب نے اس کی آنکھیں نکال دیں۔ اور لوگوں نے اس کی آنکھوں کی راہ سے دیکھا۔ کہ اس کے دل پر لکھا ہوا تھا "مرزا محمود احمد"۔ اس وقت میرے دل میں احساس ہوتا ہے۔ کہ دیکھو حضور کے ساتھ جماعت کے لوگوں کو کس درجہ عشق ہے۔

پیارے آقا معلوم نہیں اس خواب کی کیا تعبیر ہے۔ مجھے پچھلے چند یوم بہت انقباض رہا۔ حضور دعا فرمائیں۔ کہ اللہ تعالےٰ خاکسار کو اسلام کی خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔

حضور کا ادنےٰ غلام
خاکسار بشیر احمد بی۔ ایس۔ سی۔ ریسرچ اسسٹنٹ ریکلیمیشن فارم کندیاں

جواب

حضور نے اس خط کے جواب میں تحریر فرمایا:-

خواب میں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے بیٹے کو ذبح کیا۔ تو نہ خدا تعالےٰ کو نہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو انقباض ہوا۔ آپ کو خواب پر کیوں انقباض ہوا۔ اللہ تعالےٰ نے آپ کو دکھایا ہے۔ کہ بعض جماعت کے مخلصین ایسے ہیں۔ کہ صرف دماغوں کا تعلق نہیں بلکہ ان کا دل کا بھی تعلق ہے اور آنکھیں نکالکر وہاں سے دکھانے کے یہ معنے ہیں۔ کہ ان لوگوں نے اندھا دھند اس نقش کو قبول نہیں کیا۔ بلکہ ان کے دل کا عکس آنکھوں کے ذریعہ سے پڑا ہے۔ اور وہ اندھے مقلد نہیں بلکہ محقق عاشق ہیں اور یہی مقام قرب کا مقام ہوتا ہے۔

لمبی لڑائی بے ایمانی سے پیدا ہوتی ہے

خط

بحضور حضرت اقدس فضل عمر فخر رسل مصلح موعود پسر موعود ایدہ اللہ بنصرہ العزیز

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

یا حضرت اقدس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز ۱۲ اپریل ۱۹۴۵ء کو حضرت مولانا مولوی محمد ابراہیم صاحب بقاپوری و مولوی قمر الدین صاحب انسپکٹر نظارت تعلیم و تربیت سنور تشریف لائے۔ اے خدا کے محبوب سنور کی جماعت میں سالہا سال سے تنازعات تھے۔ اور جماعت کے ممبر بری طرح سے ان میں مبتلا تھے۔ اور انہیں کوئی راہ ان سے نکلنے کی نہ ملتی تھی۔ ان بزرگوں نے آتے ہی بغیر توقف و آرام اپنا وقت ان تنازعات کے رفع کرنے میں لگا دیا۔ نہ دن کو آرام کیا۔ نہ رات کو دعاؤں اور نصیحت سے آخر ان دیرینہ تنازعات کے رفع کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ الحمد للہ

اے آقائے نامدار اب سنور کی جماعت میں بفضلہ تعالےٰ کوئی ایسا تنازعہ نہیں رہا۔ جو احباب جماعت کو پریشان رکھنے کا موجب ہو سکے۔ اور آج ۲۶ اپریل کو ہر دو بزرگان با دل شاد و فرحاں سنور سے تشریف لے گئے۔ اے حسن و احسان میں نظیر مسیح موعودؑ۔ پہلے دو دن تو ان بزرگوں کے ایسے گزرے کہ ان کے چہروں سے پتہ چلتا تھا۔ کہ وہ مشوش ہیں اور فکر میں ہیں۔ مگر ان کی نیم شبی دعاؤں نے وہ کام کیا۔ جو دوسری تدابیر سے ناممکن تھا۔

آخرالامر مولا کریم نے ان کو کامیاب فرمایا۔ مولوی صاحب بقاپوری کو خاکسار دیکھتا تھا کہ راتوں کو دعا میں مشغول ہیں۔ اور مولا کریم کا دروازہ دردِ دل سے کھٹکھٹا رہے ہیں۔ آخر مولا کریم نے ان کی گریہ وزاری کو سنا اور جماعت کے ممبروں کو سمجھ دی اور سب احباب جماعت نے بشرح صدر ایک دوسرے سے مصافحہ کیا۔ معانقہ کیا اور عہد کیا کہ ماضی کے واقعات کو نہ دہرائینگے۔ مولا کریم ہم سب کو اپنے عہد پر قائم رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔

حضور والا لِلّٰہ دعا فرمائیں کہ اب جماعت اتفاق و اتحاد میں روز بروز ترقی کرے یہاں تک کہ یہ ساری کی ساری جماعت خدائے عزوجل اور حضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے احکام پر پوری طرح عامل ہو کر آگے سے آگے گامزن ہو اور مولا کریم کی خوشنودی حاصل کرے۔ آمین۔

دعا کا خواستگار خاکسار محمد تقی احمدی
امیر جماعت احمدیہ سنور

جواب

حضرت امیرالمومنین ایدہ اللہ تعالیٰ نے اس کے جواب میں رقم فرمایا۔

ہمیں تو یقین نہیں لمبی لڑائی بے ایمانی سے پیدا ہوتی ہے۔ اور بے ایمانی کو بقاپوری اور تمردین دور کرنے کی اہلیت نہیں رکھتے بے ایمانی کو انسان یا خود چھوڑتا ہے یا اللہ تعالیٰ کا عذاب اس کی گردن مروڑ کر درست کرتا ہے۔

ایک مبارک خواب

خط

سیدنا حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

میں نے ایک خواب ۱۹۴۲ء میں دیکھا تھا جو غفلت کی وجہ سے حضور کی خدمت میں تحریر نہ کرسکا چونکہ یہ خواب سلسلہ سے تعلق رکھتا ہے۔ لہذا حضور کی خدمت میں تحریر کررہا ہوں۔ یہ خواب ۱۹۴۲ء میں جب مولانا نیر صاحب یہاں تشریف لائے تھے ان کو اور دیگر احمدی دوستوں کو بھی سنا چکا ہوں۔ خواب یہ ہے۔

میں دیکھتا ہوں کہ میں اپنے وطن (بنگلور چھاؤنی) کے بڑے بازار کے قریب ایک ہوٹل ہے۔ جو بازار کے مغربی رُخ پر ہے اور اُس ہوٹل کا نام "حمزہ ہوٹل" ہے۔ اس کے پیچھے ایک چھوٹی سی گلی ہے (جو ہوٹل کے شمالی جانب ہے) میں اس میں سے گزر رہا تھا کہ لوگوں نے یکایک شور مچانا شروع کردیا کہ بلیک آؤٹ ہو رہا ہے خطرہ کی گھنٹی بج رہی ہے۔ اسی اثنا میں میں یہ دیکھتا ہوں کہ سارے شہر کی بتیاں گل کردی گئی ہیں۔ اور بالکل تاریکی چھا گئی ہے۔ میں حمزہ نامی ہوٹل میں چلا گیا اور وہاں پناہ لی۔ تھوڑی دیر بعد لوگوں نے کہا کہ اب بلیک آؤٹ ختم ہو گیا ہے۔ اور ساتھ ہی سب باہر چلنے پھرنے لگے۔ میں بھی ہوٹل سے باہر آیا اور بڑے بازار کے چوک میں کھڑا ہو گیا۔ جہاں اور بھی بہت سے لوگ کھڑے تھے۔ اتنے میں میں کیا دیکھتا ہوں کہ آسمان پر مشرقی جانب سورج اور پورا چاند اکٹھے نمودار ہوئے ہیں مگر دونوں کی روشنی بہت مدھم اور دھندلی ہے۔ لوگ سب آسمان کی طرف دیکھ رہے تھے اور میں بھی اُسی طرف متوجہ تھا۔ ایک ہاتھ جو بہت ہی نورانی تھا شمالی جانب سے آیا جس میں ایک کپڑا تھا۔ لوگوں نے کہنا شروع کیا "ید اللہ" ہے اللہ کا ہاتھ ہے وہ ہاتھ سورج کو صاف کرنے لگا۔ جیسے جیسے سورج پر سے تاریکی دُور ہوتی گئی۔ اس میں سے تیز مگر ٹھنڈی روشنی آنے لگی اور اس کا رنگ بالکل ہلکا زرد ہوتا گیا جب سورج بالکل غبار سے صاف ہو گیا تو ایک بہت ہی زور کی غیبی آواز سورج کی طرف انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے آئی کہ "یہ نیا آسمان ہے" پھر اسی ہاتھ نے چاند کو بھی اسی طرح صاف کیا جس طرح کہ سورج کو۔ اور چاند میں سے ہلکی گلابی مگر تیز و ٹھنڈی روشنی آنے لگی۔ پھر وہی غیبی آواز چاند کی طرف انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے بلند ہوئی کہ "یہ نئی زمین ہے"۔ اس پر چاند اور سورج خوب روشن ہو گئے۔ مگر ان کی شعاعیں بہت ہی ٹھنڈی تھیں۔ اتنے میں ایک تخت آسمان سے نمودار ہوا جو بہت ہی خوبصورت تھا۔

اُس پر حضرت کرشن علیہ السلام تشریف فرما تھے۔ آپ کے دائیں اور بائیں کوئی اور لوگ بھی تھے جن کو میں پہچان نہ سکا۔ اور یہ تخت آدھی دُور آکر غائب ہو گیا۔ پھر میں آسمان ہی کو دیکھ رہا تھا کہ دوسری مرتبہ ایک اور تخت اُترا جو پہلے ہی جیسا تھا اس پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام جلوہ افروز تھے۔ اور آپ کے دونو جانب بھی کئی بزرگ بیٹھے تھے۔ مگر میری نظر صرف حضرت عیسیٰؑ پر تھی اور میں بہت خوش ہو رہا تھا۔ کہ میں ایسے بڑے بڑے نبیوں کو دیکھ رہا ہوں۔ اور خوشی سے اُچھل اُچھل کر دل میں کہہ رہا ہوں کہ اب حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھونگا اتنے میں آسمان پر ایک بجلی سی کوندی اور اُس نے ہندوستان کا نقشہ اختیار کر لیا۔ جس کے تین حصے تھے سب سے پہلے حصہ پنجاب پر میری نظر پڑی۔ تو عربی میں یہ لکھا ہوا دیکھا "بیت المسیح" نچلے دو حصوں میں بھی کچھ لکھا ہوا تھا جو میں پڑھ نہ سکا۔ فوراً نقشہ غائب ہو گیا۔ اور میری آنکھ کھل گئی۔

خاکسار جی۔ ایم۔ نذیر احمد از بنگلور

جواب

حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ نے یہ خواب ملاحظہ فرمانے کے بعد تحریر فرمایا۔ "خواب مبارک ہے"۔

دنیا پر غیر معمولی تباہی کیوں آئی

اقوام عالم کی مہیب جنگ کے ایک حصہ کا اختتام ہو چکا ہے۔ وہ جرمنی جو کبھی دنیا کو للکارا کرتا تھا۔ سرنگوں پڑا ہے۔ وہ فوج جو اپنی برق رفتاری کی وجہ سے دنیا کو ڈراتی تھی تباہ ہو چکی ہے۔ وہ ٹینک جو ہر چیز کو کچلا کرلیجاتے تھے۔ خود حرکت کرنیکے بھی قابل نہیں اور دنیا نے وہ کچھ دیکھا جسکی اسے توقع نہ تھی۔ مگر یہ سب کچھ خدا تعالیٰ کے فرستادہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قبل از وقت بتا دیا تھا۔ اور اب پورا ہو چکا ہے۔ جرمنی کے بعض کیمپوں کی کچھ تصاویر شائع کی گئی ہیں۔ جن میں جنگی قیدی رکھے جاتے تھے۔ انسان ان کو دیکھ کر انسان کشی پر حیران رہ جاتا ہے۔

کیا یہ حیرت کی بات نہیں اور کیوں انسان کا دل کانپ نہیں جاتا کہ جس طرح لکڑیاں تہ بہ تہ رکھی جاتی ہیں۔ اسی طرح انسان زندہ اور مُردہ سب ایک دوسرے کے اوپر لاریوں اور گاڑیوں میں لے جائے جاتے تھے۔ اشرف المخلوقات کی لاشوں کے ڈھیر کے ڈھیر لگے ہوئے تھے۔ تہذیب کی علمبردار اقوام کے مرکز میں زندہ انسان آگ میں جلا کر ختم کئے گئے پھر شہروں کی حالت کیسی ناگفتہ بہ ہو چکی ہے۔ بلند عمارات جو آسمان سے باتیں کرتی تھیں زمین سے پیوست کردی گئی ہیں۔ گلیوں اور کوچوں کا پتہ ہی نہیں چلتا۔ ان شہروں کو دیکھ کر رونا آئیگا۔ یقیناً ہر دردمند دل ان شہروں کو دیکھ کر روتا ہے۔

کیا ابھی وقت نہیں آیا کہ دنیا دیکھے یہ تباہی کیوں آئی اور کیا وہ مستقبل میں رک سکتی ہے۔ یا نہیں کیا اب تک دنیا نے یہ نہیں سمجھا کہ انسانی ہاتھوں کی گھڑی ہوئی لیگیں اور کانفرنسیں دنیا کو امن اور آرام نہیں دے سکیں۔ دنیا کے بہترین سیاستدان مل کر بھی لڑنے سے روک نہیں سکے بلکہ لڑائی کو اور زیادہ بھیانک بنا رہے ہیں یہ انسانی کاروبار نہیں۔ دیکھو خدا کے مسیح نے ۱۹۰۶ء میں کس زور سے پکارا تھا کہ انسانی تدبیروں کا اس دن خاتمہ ہوگا

ہم اس مسیح کی جماعت کے لوگ اب پھر دنیا کو بتلاتے ہیں۔ کاش کہ دنیا سنے اور سمجھے۔ کہ جب تک دنیا اپنے عمل میں تغیر پیدا نہیں کرتی جب تک وہ خدا فراموشی سے باز نہیں آتی خدا کے غضب میں کمی ہونے کی کوئی امید نہیں۔ چاہے وہ کتنی ہی کانفرنسیں بٹھائے چاہے دنیا کے سارے بہترین دماغ مل کر بھی ایسا انتظام تجویز کریں کہ دنیا میں امن کا دور دورہ ہو۔ یہ نہیں ہوگا۔ خدا کے غضب میں کمی ہونیکی ایک ہی صورت ہے کہ دنیا اپنے حقیقی خالق اور مالک کے آگے جھکے۔ خاکسار عبدالقیوم

ایک انسپکٹر بیت المال کا پتہ مطلوب ہے

مولوی محمد احمد صاحب نعیم انسپکٹر بیت المال حلقہ ضلع گجرات و پونچھ یہاں سے ۸ اپریل کو برائے معائنہ حلقہ مذکور روانہ ہوئے تھے مگر آج تک دفتر میں کوئی اطلاع نہیں۔ کہ کہاں ہیں۔

مختلف مقامات میں یوم پیشوایان مذاہب کے جلسے

لاہور

۲۰ رمئی وائی۔ ایم۔ سی۔ اے ہال مال روڈ میں زیر صدارت رائے بہادر مکند لال صاحب پوری ایم۔ ایل۔ اے پریذیڈنٹ بار ایسوسی ایشن ہائیکورٹ پنجاب لاہور۔ یوم پیشوایان مذاہب کا جلسہ منعقد ہوا۔ جس میں مکرم جناب قاضی محمد اسلم صاحب پروفیسر گورنمنٹ کالج لاہور۔ مسٹر سوری۔ ڈاکٹر کے۔ ای مدن۔ جناب چودھری اسد اللہ خاں صاحب بار ایٹ لاء اور چودھری خلیل احمد صاحب ناصر بی۔ اے قادیان۔ نے مختلف مذاہب کے پیشواؤں کی زندگی کے حالات اور تعلیم پر تقاریر کیں۔ ہال مین سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ تمام تقاریر مکمل خاموشی اور سکون سے سنی گئیں۔

جناب قاضی محمد اسلم صاحب نے حضرت بدھ علیہ السلام کے متعلق تقریر کرتے ہوئے فرمایا۔ حضرت بدھ کے متعلق بالعموم یہ خیال کیا جاتا ہے۔ کہ آپ نے اپنی تعلیم میں خدا تعالیٰ کی ہستی کو پیش نہیں کیا۔ لیکن آپ کی زندگی کے حالات اور آپ کی تعلیم اس خیال کی تردید کرتے ہیں۔ مسٹر سوری نے حضرت مسیح ناصری کے حالات زندگی اور کیریکٹر پر روشنی ڈالی۔ ڈاکٹر کے۔ ای مدن اور چودھری اسد اللہ خاں صاحب نے حضرت زرتشت اور حضرت کرشن پر تقاریر کیں۔ چودھری خلیل احمد صاحب ناصر نے رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حیات طیبہ کو پیش کرتے ہوئے بتایا۔ کہ حضور کی ایک بڑی خصوصیت یہ ہے۔ کہ آپ کے ذریعے ہمیں دنیا کے تمام ہادیان مذاہب کی صداقت پر ایمان لانے کی توفیق ملی۔ آپ نے موجودہ جنگ اور دنیا کی عالمگیر بے چینی کا ذکر کرتے ہوئے بتایا۔ کہ اس کا مکمل اور واحد حل آج سے ساڑھے تیرہ سو سال قبل رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی لائی ہوئی تعلیم اور آپ کے اسوہ حسنہ میں موجود ہے۔

آخر میں صاحب صدر نے حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالےٰ کی فراست اور دور بینی کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا۔ کہ یوم پیشوایان مذاہب کی تحریک حقیقتاً ہندوستان کے مختلف فرقوں کے درمیان صلح اور آشتی کی فضا پیدا کرنے کے لئے ایک نہایت مفید اور ٹھوس ذریعہ ہے۔ عبد الرشید قریشی برائے سکرٹری جلسہ یوم پیشوایان مذاہب لاہور

فیروز پور

حسب سابق اس سال بھی جلسہ پیشوایان مذاہب لالہ متصدی لال صاحب کی دھرم سالہ میں زیر صدارت جناب پیر اکبر علی صاحب ایم۔ ایل۔ اے منعقد کیا گیا۔ تلاوت اور نظم ثانی کے بعد صاحب صدر نے اغراض جلسہ بیان فرمائے۔ مولوی عنایت اللہ صاحب فاضل نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام حضرت رامچندر جی اور حضرت مہابیر جی مہاراج کی سوانح پر پنڈت لابھ چند صاحب نے حضرت رسول اکرم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی سیرت طیبہ پر چودھری عبد الکریم صاحب نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حیات پر۔ پنڈت ہیرا لعل صاحب شاستری نے حضرت کرشن جی مہاراج کے متعلق اپنے بہترین خیالات کا اظہار فرمایا۔ آخر میں سردار کرشن سنگھ صاحب نے جلسہ کی تعریف کرتے ہوئے حاضرین کو صلح و آشتی کی ترغیب دی۔ اور صاحب صدر نے مقررین۔ حاضرین۔ منتظمین اور سیٹھ متصدی لال صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے جلسہ برخاست کیا۔

خاکسار محمد یوسف خاں

سیالکوٹ

۲۰ رمئی ۵ بجے شام جلسہ پیشوایان مذاہب عالم مسجد کبوتراں والی میں زیر صدارت محترمہ سیدہ فضیلت صاحبہ منعقد ہوا۔ حمد و نعت کے بعد محترمہ صدر صاحبہ نے جلسہ کی غرض و غایت بیان کرتے ہوئے جلسہ کا افتتاح کیا۔ جن بہنوں نے تقریریں کیں۔ ان کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔ (۱) سیدہ قمر اسلام سیرت حضرت کرشنؑ پر (۲) سیدہ امتہ السلام صاحبہ نے حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر نہایت برجستہ تقریر کی۔ (۳) ایک عیسائی مشنری عورت نے سیرت حضرت مسیح ناصری کے متعلق چند اوراق انجیل سے پڑھ کر سنائے۔ اور ایک اور نے پنجابی میں کچھ سیرت بیان کی۔ (۴) سیدہ محترمہ فضیلت صاحبہ نے سیرت حضرت مسیح موعود علیہ السلام پر روشنی ڈالی۔ اور ضرورت نبی کو ثابت کرتے ہوئے آپ کے کارنامے اور تمام مذاہب میں صلح و آشتی کے اصول بیان کئے۔ آخر میں عیسائی اور ہندو خواتین کا خصوصاً شکریہ ادا کیا۔ دعا کے بعد جلسہ برخاست ہوا۔ زینب سکرٹری لجنہ اماء اللہ شہر سیالکوٹ۔

فتح کی تقریب پر احمدی جماعتوں کے جلسے

لنگروبیہ

۱۴ رمئی۔ انجمن احمدیہ لنگروبیہ کا ایک غیر معمولی اجلاس بتقریب عظیم الشان فتح برطانیہ کھلے میدان میں ہوا۔ جس میں جنگ برطانیہ و جرمنی کے اختتام پر خدا تعالیٰ کا شکر ادا کیا گیا۔ اور خوشی میں چراغاں کیا گیا۔ غلام قادر

شیخ پور

لجنہ اماء اللہ شیخ پور ضلع گجرات کے زیر اہتمام جنگ کی فتح کی خوشی میں ۱۲ رمئی کو شاندار جلسہ کیا گیا۔ جس میں تقریباً ڈیڑھ صد کے قریب احمدی اور غیر احمدی خواتین شریک ہوئیں۔ تلاوت قرآن مجید اور نظم کے بعد موجودہ جنگ کے متعلق حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور حضرت مصلح موعود ایدہ اللہ تعالیٰ کے مختلف الہام اور رؤیا کی وضاحت کی گئی۔ اور حاضرین کے ذہن نشین کرائے گئے۔ جلسہ دعا اور تقسیم مٹھائی پر ختم ہوا۔ رات کو لجنہ کے انتظام کے ماتحت چراغاں کیا گیا۔

خاکسار آمنہ سیکرٹری لجنہ اماء اللہ

فیض اللہ چک

۱۴ رمئی کو انجمن احمدیہ فیض اللہ چک کا جلسہ زیر صدارت قاضی عظیم اللہ صاحب امیر جماعت منعقد ہوا۔ ملک محمد اشرف۔ حفیظ احمد۔ سلطان احمد صاحبان اور خاکسار نے تقریریں کیں۔ زنانہ و مردانہ سکولوں کی عمارتوں اور مساجد پر چراغاں کیا گیا۔ لجنہ اماء اللہ کا الگ جلسہ زیر صدارت سارہ بیگم صاحبہ منعقد ہوا جس میں عزیزہ انور سلطانہ صاحبہ اور سلیمہ بیگم صاحبہ نے تقریریں کیں۔ غلام محمد

تلونڈی جھنگلاں

۱۱ رمئی بعد نماز جمعہ دعائے شکرانہ کی گئی۔ اور ۱۴ رمئی کو جشن یوم فتح نہایت کامیابی کے ساتھ منایا گیا۔ سکول کے طالب علم مختلف رنگ کی جھنڈیاں ہاتھوں میں لئے جلوس کی صورت میں ایک نظم پڑھتے گاؤں کی طرف روانہ ہوئے۔ جلوس نے گاؤں کے گلی کوچوں میں چکر لگایا۔ خواتین کا جلسہ الگ ہوا۔ جس میں تقریریں کی گئیں۔ اور آخر میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔ چار بجے مردوں کا جلسہ سکول میں ہوا۔ خاکسار نے مختصر طور پر حالات جنگ بیان کئے۔ شام کو غربا اور مساکین کو کھانا کھلایا گیا۔ جن کی تعداد ۱۵۰ کے قریب تھی۔ یہ انتظام خواتین کی طرف سے تھا۔ عمارات کو چراغاں کیا گیا۔

خاکسار محمد رمضان مدرس و سیکرٹری امور عامہ

تحریک جدید کے گیارھویں سال کی فہرست

آج کے اخبار "الفضل" میں تحریک جدید کے گیارھویں سال کا چندہ ۳۰ اپریل تک پورا کرنے والے احباب کی ایک فہرست شائع ہو رہی ہے۔ بقیہ فہرست آئندہ انشاء اللہ تعالیٰ شائع ہوگی۔ اس کے بعد ان احباب کی انشاء اللہ تعالیٰ شائع کی جائیگی۔ جنہوں نے ۱۵ رمئی تک اپنے وعدوں کو مرکز میں داخل کر لیا ہوگا۔ تحریک جدید کا ہر مجاہد اس ہفتہ میں کوشش کرے۔ کہ اپنا وعدہ ۳۱ رمئی تک مرکز میں داخل کرے۔ تا اس کا نام دعا کے لئے حضرت کے حضور پیش ہو۔ اور پھر شائع ہو سکے۔ (فنانشل سیکرٹری تحریک جدید)

احمدی نوجوانوں کے لئے میدان عمل

یورپ کی مہیب و خطرناک دنیوی جنگ ختم ہو چکی ہے۔ اب ایک دینی جنگ اسلام و کفر کے درمیان شروع ہونے کو ہے۔ اس جنگ میں اسلام کی فتح اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس کے تجربہ کار سپاہیوں کے ذریعہ سے ہی ہو سکتی ہے۔ حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ نے اس دینی جنگ کے متعلق جماعت کو انذار کر دیا ہے۔ اس لئے وہ احمدی نوجوان جو کہ مڈل پاس ہیں۔ اور وہ اس دینی جنگ میں بحیثیت سپاہی حصہ لینا چاہتے ہیں۔ فوری طور پر مدرسہ احمدیہ میں داخل ہو جائیں۔ تا کہ ان کو ٹریننگ دی جا سکے۔ اے احمدی نوجوان! تیرے لئے میدان عمل تیار ہے۔ پس آ اور اس دینی درسگاہ میں داخل ہو کر ٹریننگ حاصل کر۔ تا کہ وقت پر تو اسلام کا جاں نثار سپاہی ثابت ہو۔ عبد الرحمٰن ہیڈ ماسٹر مدرسہ احمدیہ

وصیتیں

نوٹ:۔ وصایا منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جاتی ہیں کہ اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو وہ دفتر کو اطلاع کردے۔ سیکرٹری بہشتی مقبرہ

نمبر ۸۴۲۲ منکہ مشتاق احمد ولد چوہدری عبدالمالک صاحب قوم جٹ پیشہ ملازمت عمر ۲۲ سال پیدائشی احمدی ساکن بہلولپور چک نمبر ۱۲۷ رکھ برانچ ڈاکخانہ خاص ضلع لائلپور بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ ۹/۳/۴۵ حسب ذیل وصیت کرتا ہوں۔ میرا گزارہ ماہوار آمد پر ہے۔ جو اس وقت ۱۳/۴۴/- ہے میں اس کے ۱/۱۰ حصہ کی وصیت بحق صدر انجمن احمدیہ قادیان کرتا ہوں۔ اس کے علاوہ بھی جو کوئی جائیداد پیدا کروں گا منقولہ یا غیر منقولہ قسم سے مجھے حاصل ہوگی اسکے بھی ۱/۱۰ حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ قادیان ہوگی۔ آمد کی کمی بیشی کی اطلاع دیتا رہوں گا۔ العبد حوالدار مشتاق احمد ۳/۱۵ پنجاب رجمنٹ معرفت ۱۰۱ ایڈوانس بیس پوسٹ آفس انڈیا۔ گواہ شد:۔ شیر ولی صوبیدار میجر۔ گواہ شد:۔ جمعدار محمد اشرف ۳/۱۵ پنجاب رجمنٹ۔

نمبر ۸۴۲۱ منکہ محمد عثمان ولد حاجی فتح محمد صاحب قوم بھٹی پیشہ زمینداری عمر ۳۵ سال پیدائشی احمدی ساکن بستی رندان چاہ ماہی والہ ڈاکخانہ کوٹ چھٹہ ضلع ڈیرہ غازی خان بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ ۲۶/۳/۴۵ حسب ذیل وصیت کرتا ہوں اسوقت میں اپنی جائیداد کے ۱/۱۰ حصہ کی وصیت کرتا ہوں۔ میری منقولہ جائیداد کل ۸ بیگھے جس میں ۹ کنال بورونی ہے۔ اور ۲۳ کنال اپنی ہے کل قیمت بازاری نرخ سے ایک ہزار روپیہ ہے اگر میرے مرنے کے بعد کوئی اور جائیداد ثابت ہو۔ تو اس کے بھی ۱/۱۰ حصہ کی حقدار صدر انجمن احمدیہ قادیان ہوگی ماسوقت میری زمین مبلغ ۵۰۰/- روپے میں رہن ہے۔ اور مبلغ یکصد روپیہ قرض ہے۔ اس کے علاوہ دو بیل قیمتی ۱۴۰/- روپے کے ہیں۔ ہاں میں چندہ باقاعدہ ہر ششماہی میں پیداوار سے ادا کرتا رہوں گا جو ۱/۱۰ ہوتا ہے۔ العبد: محمد عثمان موصی نشان انگوٹھا گواہ شد: عبدالقدوس سیکرٹری مال۔ گواہ شد عبدالقادر مدرس بستی رندان۔

نمبر ۸۴۲۰ منکہ ملک محمد علی خاں ولد شیر علی خاں صاحب قوم ٹوانہ پیشہ ملازمت عمر ۲۶ سال تاریخ بیعت ۱۲/۱۹ء ساکن ہڈالی ڈاکخانہ خاص ضلع شاہپور بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ ۱۵/۴/۴۵ حسب ذیل وصیت کرتا ہوں میری اس وقت کوئی جائیداد نہیں ہے میں اسوقت فوج میں بعہدہ لفٹنٹ ملازم ہوں۔ اور میری ماہوار آمد ۴۰۰/- روپے ہے۔ میں اپنی آمد کے ۱/۱۰ حصہ کی وصیت بحق صدر انجمن احمدیہ قادیان کرتا ہوں۔ میری وفات کے بعد اگر میری کوئی جائیداد ثابت ہو تو اس کے ۱/۱۰ حصہ کی وصیت بھی بحق صدر انجمن احمدیہ قادیان کرتا ہوں۔ العبد ملک محمد علی لفٹیننٹ انڈین آرٹلری انبالہ چھاؤنی۔ گواہ شد:۔ سید عبدالحی آف منصوری۔ گواہ شد:۔ عطاء محمد سینئر کلرک صدر انجمن احمدیہ

نمبر ۸۴۱۹ منکہ محمد اسمٰعیل ولد اشرافی قوم شیخ پیشہ درزی عمر ۴۳ سال تاریخ بیعت ۲۷/۹/۴۴ ساکن اکبرپور۔ ڈاکخانہ خاص ضلع فرخ آباد صوبہ یو۔پی بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ ۲۰/۳/۴۵ حسب ذیل وصیت کرتا ہوں۔ ایک باغ ہے جس میں میرا حصہ ۱۳ بسوے ہے اس کا دسواں حصہ ادا کروں گا۔ اور ایک کھیت ہے ۱۷ بسوے میرا حق ہے اس کا بھی دسواں حصہ ادا کروں گا دو مکان پختہ جن میں میرا تیسرا حصہ ہے اسمیں سے بھی دسواں حصہ ادا کروں گا۔ باقی ماہوار آمدنی کا اوسط درجہ میری ۳۵ روپے ہے اسمیں سے مبلغ تین روپے ساڑھے چار آنہ ادا کرتا رہوں گا۔ اگر میری جائیداد میری وفات پر اور ثابت ہوئی تو یہ وصیت اس پر حاوی ہوگی مجھے منظور ہے العبد محمد اسمٰعیل موصی۔ بقلم منظور احمد احمدی مبلغ سلسلہ عالیہ احمدیہ گواہ شد:۔ محمد شفیع۔ گواہ شد:۔ بشیر الدین۔

نمبر ۸۴۱۸ محمد حفیظ خان ولد ڈاکٹر حبیب اللہ خان صاحب قوم قریشی پیشہ طالب علم عمر ۲۴ سال پیدائشی احمدی دارالرحمت قادیان بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ ۵/۳/۴۵ حسب ذیل وصیت کرتا ہوں ماسوقت میری کوئی جائیداد نہیں میرے والد صاحب خدا کے فضل سے زندہ ہیں۔ مجھے میرے والد صاحب کی طرف سے دس روپے ماہوار بطور جیب خرچ ملتے ہیں میں اس کا ۱/۱۰ حصہ داخل خزانہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر کوئی جائیداد اس کے بعد پیدا کروں گا تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو دیتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی یہ وصیت حاوی ہوگی۔ نیز میرے مرنے کے وقت میرا جس قدر متروکہ ثابت ہو۔ اس کے بھی ۱/۱۰ حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ قادیان ہوگی۔ العبد محمد حفیظ خان متعلم میڈیکل کالج امرتسر۔ گواہ شد:۔ مرزا عبدالرحیم پریذیڈنٹ احمدیہ انٹر کالجیئیٹ ایسوسی ایشن امرتسر۔ گواہ شد:۔ (میاں) محمود احمد پریذیڈنٹ احمدیہ میڈیکل سٹوڈنٹ ایسوسی ایشن امرتسر۔

